www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com



روزنامہ
رانچی
سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:160 17.06.2025 TUESDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:١٦٠/منگل/١٧/جون/٢٠٢٥/مطابق/٢٠/ذی الحجہ ١٤٤٦ھ/ صفحات:08

# وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری کا کانگریس بھون رانچی میں آج جنتا دربار



رانچی، 16 جون (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ کے وزیر صحت ڈاکٹر عرفان انصاری 17 جون کو صبح 1100. بجے سے کانگریس بھون رانچی میں جنتا دربار میں عام لوگوں کے مسائل سنیں گے۔ ریاستی کانگریس کی ترجمان سونال شانتی نے آج یہاں یہ جانکاری دی۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لئے مسلسل کارروائی کررہی ہے۔ اسی سلسلے میں کانگریس ہیڈکوارٹر میں ہر وزیر کے ذریعہ جنتا دربار کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس سے قبل کانگریس کے کوٹے کے چاروں وزراء نے جنتا دربار کا انعقاد کیا تھا جس میں عوام کے بہت سے مسائل کو جلد حل کیا گیا تھا، اسمبلی میں بجٹ اجلاس چلنے اور پھر پہلگام واقعہ کی وجہ سے جنتا دربار کا انعقاد روک دیا گیا تھا، اب دوبارہ اس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اسی سلسلے میں وزیر زراعت شلپی نیہا ترکی نے 5 جون کو جنتا دربار کا انعقاد کیا جس میں سینکڑوں لوگوں نے اپنے مسائل پیش کئے۔ کانگریس کا یہ اقدام عام لوگوں کو انتظامی مسائل سے بچانے کے لیے ہے جہاں چھوٹے چھوٹے کاموں کے لیے بھی لوگوں کو مسلسل سرکاری دفاتر کے چکر لگانے پڑتے ہیں۔ آنے والے چند دنوں میں جنتا دربار کا اہتمام وزیر خزانہ رادھا کرشن کشور اور دیہی ترقی کی وزیر دیپکا پانڈے سنگھ کے ذریعہ کیا جائے گا۔

## الیکشن میں بی جے پی نے اتنا ٹارچر کیا کہ بنگلہ بولنا سیکھ گیا: ڈاکٹر عرفان انصاری

رانچی، 16 جون (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ حکومت کے صحت، خوراک کی فراہمی اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے وزیر ڈاکٹر عرفان انصاری نے آج کہا کہ بی جے پی نے جھارکھنڈ میں بنگالی بولنے والوں کو 'بنگلہ دیشی' کہہ کر جھارکھنڈیوں کی شناخت کی توہین کی ہے۔ ڈاکٹر انصاری نے کہا کہ جو لوگ بنگلہ نہیں جانتے تھے، بی جے پی کی نفرت نے انہیں بنگلہ سکھادی اور ہاں، میں بھی اب بنگلہ سیکھ گیا ہوں کیونکہ زبان جرم نہیں ہوتی۔ زبان ہماری پہچان ہے، ہماری ثقافت ہے۔ اب بہار میں الیکشن ہیں، وہاں بھی لاکھوں لوگ بنگلہ بولتے ہیں، ہوشیار رہیں کہ بی جے پی کہیں انہیں 'پاکستانی' نہ کہہ دے۔ ڈاکٹر انصاری نے کہا کہ میں جھارکھنڈ جیت چکا ہوں، اب بنگال کے بعد بہار کی باری ہے۔ بی جے پی کی نفرت کی سیاست اب نہیں چلے گی۔ میں بی جے پی کو کامیاب نہیں ہونے دوں گا۔ زبان نہیں جھکے گی، جھارکھنڈ نہیں رکے گا۔



